SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
October 28, 2016

سہولیاتی اقدامات کے بارے میں ایس ای سی پی کا آگہی سیمینار

اسلام آباد، ۲۸ اکتوبر: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے انضباطی فریم ورک میں بہتری اور ملک میں ترقی کے لئے ایک مضبوط کاروباری ماحول فراہم کرنے کی خاطر حال ہی میں کئے گئے متعدد سہولیاتی اقدامات کے بارے میں آگہی پھیلانے کے لئے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے اشتراک سے کراچی میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا۔

ان اقدامات میں یک روزہ آن لائن تشکیل، (کمپنی کے مختصر دستور کے اختیار سے مشروط) ایف ٹی آر ایس کے تحت دو گھنٹے کی قلیل ترین مدّت میں کمپنی کی تیز ترین تشکیل، کمپنی کی تشکیلی فیس میں تخفیف جو کہ آف لائن موڈ کے تحت صرف دو ہزار روپے ہے اور آن لائن موڈ کے تحت ایک روپے ہے، کریڈٹ کارڈ اور آن لائن فنڈ ٹرانسفر کے ذریعے فیس کی ادائیگی، نِفٹ سے ڈیجیٹل دستخط حاصل کرنے کے لئے آن لائن درخواست، بلا معاوضہ مصدقہ نقول، موجودہ آٹھ رجسٹریشن دفاتر کے علاوہ گلگت میں سی آر او اور سیالکوٹ، گوادر اور ایبٹ آباد میں سہولتی کاؤنٹرز کے قیام سے ایس ای سی پی کی پہنچ میں اضافہ شامل ہیں۔

مندرجہ بالا اقدامات کے باوجود، پروموٹرز عموماً براہ راست ایس ای سی پی کو کمپنی کی تشکیل کی درخواست نہیں دیتے جس کے نتیجے میں پاکستان میں کاروبار کرنے کے اخراجات اور وقت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254

ایس ای سی پی نے ایک ایسا نظام قائم کیا ہے جو کسی فریق ثالث کی مدد کے بغیر پروموٹرز کو کمپنی کی تشکیل میں سہولت فراہم کرتا ہے اور ایس ای سی پی کے امدادی افسران کی جانب سے مکمل رہنمائی فراہم کی جا رہی ہے۔ ایک ایسے ماحول کو فروغ دینے ضرورت ہے کہ سٹیک ہولڈرز کا ایس ای سی پی کے ساتھ براہ راست رابطہ اور تعلق ہو۔ ہمیں مل کر باہمی امداد کے ذریعے کارپوریٹ شعبے کی ترقی میں سہولت فراہم کرنا ہو گی اور ملک میں کاروبار کرنے کے اخراجات کو کم کرنا ہو گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254